[This question paper contains 4 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 4312** **L**

Unique Paper Code : 2141001003

Name of the Paper : Urdu-C

Name of the Course : **AEC**

Semester : II

Duration : 2 Hours Maximum Marks : 60

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

1۔ دیے ہوئے شعروں میں سے وہ الفاظ تلاش کر کے لکھیے جن میں 'ھ' کا استعمال ہوا ہے۔ 6

کہتے ہیں یہ مجھ سے کہ ذرا دوست، اِدھر آؤ
آجاؤ، دکھائیں تمہیں جنّت کے نظارے

کرنوں کی چمکتی ہوئی سیڑھی پہ میں چڑھ کر
امّی! دو اِجازت مجھے، چن لاؤں یہ سارے

جانے دو مجھے، جا کے ذرا جیب کو بھر لاؤں
آدھے یہ مرے ہوں گے تو آدھے یہ تمہارے

2۔ ان واحد (Singular) لفظوں کی جمع (Plural) لکھیے۔ 10

صدا، ڈالی، بالی، گڑیا، چیز، ندی، تارا، آنکھ، پیادہ، تقدیر

3۔ ان لفظوں کے متضاد (Opposite) الفاظ لکھیے۔ 10

بُرا، پاس، نادان، اپنا، جنگ، بادشاہ، اُجالا، اونچا، جاگنا، پیادہ، بہتر

4۔ ان میں سے کسی تین محاوروں کو جملوں (Sentences) میں استعمال کیجیے۔ 9

پیٹ میں چوہے دوڑنا، آسمان سر پر اٹھانا، کانا پھوسی کرنا،
ہچکی بندھنا، لال پیلا ہونا، آسمان سے باتیں کرنا

5۔ دیے ہوئے سوالوں کے صحیح جواب کو چن کر لکھیے۔ 5

(i) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟
(a) مطلع (b) مقطع (c) تخلص

(ii) بوڑھا کہاں بیٹھ کر کہانیاں سنا رہا تھا؟
(a) چوپال میں (b) اسٹیشن کے باہر برآمدے میں
(c) کھیتوں میں

(iii) ننھی پجارن کی آنکھوں میں نیند کیوں بھری ہے؟
(a) رات کو نیند نہیں آئی (b) وقت سے پہلے جاگ گئی (c) سوتی ہی رہتی ہے

(iv) نظم آدمی نامہ کس شاعر کی ہے؟
(a) غالب (b) نظیر اکبرآبادی (c) حالی

(v) صدا کے کیا معنی ہیں؟
(a) آواز (b) چاند (c) ہمیشہ

6۔ دیے ہوئے سوالوں میں سے دو کے جواب لکھیے۔ 10

(i) نظم" دریا کنارے چاندنی" میں شاعر نے چاندنی کے گھبرانے کی کیا وجہ بیان کی ہے؟

(ii) مولانا آزاد کے مطابق لوگ ہمیشہ کس کھوج میں لگے رہتے ہیں؟

(iii) ''ہزاروں سال لمبی رات'' کہانی میں سننے والے لوگ آخر میں بوڑھے پر کیوں ناراض ہوئے؟

(iv) ماں نے علم کے تاروں کو آسمان کے تاروں سے زیادہ قیمتی کیوں کہا؟

7۔ کسی ایک حصے کی تشریح کیجیے۔ 10

(الف)

کوئی ایسی بات اگر ہوئی کہ تمہارے جی کو بری لگی
تو بیاں سے پہلے ہی بھولنا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

جسے آپ گنتے تھے آشنا، جسے آپ کہتے تھے باوفا
میں وہی ہوں مومنؔ مبتلا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

(ب)

یاں آدمی پہ جان کو وارے ہے آدمی
اور آدمی ہی تیغ سے مارے ہے آدمی
پگڑی بھی آدمی کی اُتارے ہے آدمی
چلا کے آدمی کو پکارے ہے آدمی
اور سُن کے دوڑتا ہے، سو ہے وہ بھی آدمی